PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368


# ستمبر تا نومبر ۲۰۲۵ کے لیے متوقع موسمی صورتحال اور زرعی مشورے

## مختصر تعارف


پاکستان محکمہ موسمیات ہر ماہ کے آخر میں عالمی موسمیاتی ماڈلز کا استعمال کرتے ہوئے ماہانہ اور طویل مدتی موسمی پیشن گوئی جاری کرتا ہے۔ چونکہ عمومی طور پر محض ایک ماڈل اور ڈیٹا سیٹ کا نتیجہ طویل مدتی پیشین گوئی کے لیے قابل اعتماد نہیں سمجھا جاتا، اس لیے مزید اطمینان اور بہتری کے لیے مختلف اداروں کے تیار کردہ ماڈلز اور موسمی ریکارڈ کو مختلف شرائط کے ساتھ استعمال کیا جارہا ہے۔ فی الوقت تیرہ ماڈل سے اخذ کئے گئے مجموعی نتائج کو موسمی پیشین گوئیوں کے لیے اپنایا گیا ہے۔

## بارش کے لحاظ سے متوقع موسمی صوتحال (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۵)


متوقع بارش (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۵)





متوقع بارش کا معمول سے فرق (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۵)





متوقع بارش کا معمول سے فرق (ستمبر ۲۰۲۵)




متوقع بارش کا معمول سے فرق (اکتوبر ۲۰۲۵)




متوقع بارش کا معمول سے فرق (نومبر ۲۰۲۵)




ستمبر سے نومبر ۲۰۲۵ کے دوران ملک بھر میں بارش کی پیشگوئی مختلف علاقوں میں غیر یکساں تقسیم کو ظاہر کرتی ہے۔ شمالی حصے، خصوصاً گلگت بلتستان، کشمیر، بالائی خیبر پختونخواہ اور پوٹھوہار کے علاقے نمایاں کمی کا سامنا کرسکتے ہیں۔ جبکہ جنوبی سندھ اور وسطی و جنوبی پنجاب کے چند مقامات پر معمول سے قدرے زیادہ بارشوں کی توقع ہے۔ مجموعی طور پر شمال اور جنوب میں ایک نمایاں فرق متوقع ہے، جہاں شمالی پہاڑی علاقے بارش کی کمی سے متاثر ہوں گے جبکہ جنوبی میدانی علاقوں میں نسبتاً اچھی بارشیں متوقع ہیں۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

# ماہانہ امکانات (بارش)


- ستمبر ۲۰۲۵، میں ملک کے زیادہ تر علاقوں بلخصوص شمال مشرقی پنجاب اور جنوبی سندھ میں معمول کے مطابق یا معمول سے قدرے زیادہ بارش کا امکان ہے۔ جبکہ گلگت بلتستان کے علاوہ بالائی خیبر پختونخواہ اور آزاد کشمیر کے ملحقہ علاقوں میں بارش معمول کے مطابق یا قدرے کم متوقع ہے۔
- اکتوبر ۲۰۲۵ میں ملک کے بیشتر علاقوں بلخصوص کشمیر، گلگت بلتستان اور بالائی خیبر پختونخواہ کے ملحقہ علاقوں میں معمول سے کم بارشوں کا امکان ہے۔
- نومبر ۲۰۲۵ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں معمول سے کم بارشیں متوقع ہیں جس کے اثرات زیریں علاقوں پر بھی مرتب ہوں گے۔ ماہِ اکتوبر کے دوران بارش کی کمی سے متاثر ہونے والے علاقے نومبر میں بھی بارشوں میں کمی کا سامنا کر سکتے ہیں۔ اِس کے علاوہ جنوبی علاقوں میں بھی معمول سے قدرے کم بارش کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت کے لحاظ سے متوقع موسمی صورتحال (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۵)


متوقع درجہ حرارت (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۵)





متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۵)





متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (ستمبر ۲۰۲۵)




متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (اکتوبر ۲۰۲۵)




متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (نومبر ۲۰۲۵)




ستمبر تا نومبر ۲۰۲۵ کے دوران ملک کے بالائی حصوں بلخصوص بالائی خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان اور کشمیر کے ساتھ مغربی علاقوں میں بھی زیادہ سے زیادہ (دن کے) درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کی توقع ہے۔ جبکہ اس دوران پنجاب اور سندھ میں درجہ حرارت معمول سے قدرے کم رہنے کا امکان ہے۔

### ماہانہ امکانات (زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت)


- ستمبر ۲۰۲۵ کے دوران ملک کے شمال مغربی حصوں، بالخصوص بالائی خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان اور کشمیر میں، زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ جبکہ پنجاب، زیریں خیبر پختونخواہ، سندھ اور مشرقی بلوچستان میں معمول سے قدرے کم درجہ حرارت متوقع ہیں۔
- اکتوبر ۲۰۲۵ میں شمال مغربی حصوں، بالخصوص گلگت بلتستان اور کشمیر میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کی توقع ہے۔ جبکہ پنجاب اور سندھ میں یہ درجہ حرارت معمول سے قدرے کم رہنے کا امکان ہے۔
- نومبر ۲۰۲۵ کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا رجحان برقرار رہے گا۔ تاہم جنوب مشرقی پنجاب اور زیریں سندھ کے بعض حصوں میں درجہ حرارت معمول کے قریب یا معمول سے قدرے کم رہنے کی توقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## کم سے کم درجہ حرارت کے لحاظ سے متوقع موسمی صورتحال (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۵)


متوقع درجہ حرارت (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۵)




متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۵)




متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (ستمبر ۲۰۲۵)



متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (اکتوبر ۲۰۲۵)



متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (نومبر ۲۰۲۵)



ستمبر تا نومبر ۲۰۲۵ کے دوران ملک بھر میں /کم سے کم (رات کے) درجہ حرارت معمول کے مطابق یا معمول سے زیادہ رہنے کی توقع ہے۔ ملک کے شمالی حصے بالخصوص گلگت بلتستان اور بالائی خیبر پختونخواہ میں درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ اِس دوران ملک کے وسطی اور جنوبی حصوں میں معمول سے قدرے زیادہ درجہ حرارت رہنے کی توقع ہے جس کے باعث رات کے وقت اِن علاقوں میں ہلکی گرمی محسوس ہوسکتی ہے۔ اِس دوران پنجاب اور مغربی بلوچستان کے بعض حصوں میں درجہ حرارت معمول کے مطابق رہنے کی توقع ہے۔


## ماہانہ امکانات (کم سے کم درجہ حرارت)

- ستمبر ۲۰۲۵ کے دوران ملک بھر میں کم سے کم درجہ حرارت معمول کے مطابق یا معمول سے قدرے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ سب سے نمایاں حدت شمالی پاکستان، خصوصاً گلگت بلتستان اور بالائی خیبر پختونخوا میں متوقع ہے۔
- اکتوبر ۲۰۲۵ میں شمالی حصوں خاص طور پر گلگت بلتستان اور خیبر پختونخواہ کے ملحقہ علاقوں میں رات کے درجہ حرارت معمول سے قدرے زیادہ رہنے کی توقع ہے۔ اس دوران وسطی اور جنوبی پنجاب، سندھ کے کچھ حصے اور مغربی بلوچستان میں درجہ حرارت معمول کے مطابق رہنے کا امکان ہے۔

- نومبر ۲۰۲۵ کے دوران ملک کے شمالی حصوں میں کم سے کم درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا امکان ہے، جہاں سب سے نمایاں حدت گلگت بلتستان اور بالائی خیبر پختونخواہ میں متوقع ہے۔ جبکہ وسطی و جنوبی پنجاب، سندھ اور مغربی بلوچستان میں رات کے درجہ حرارت معمول کے مطابق یا معمول سے قدرے کم رہنے کا امکان ہے۔

## اہم زرعی علاقوں کی متوقع موسمی صورتحال (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۵)


### پوٹھوہار




وقت / مہینہ

**خطہ پوٹھوہار** میں ستمبر ۲۰۲۵ میں اچھی بارشیں متوقع ہے۔ زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت موسمی رجحانات کے مطابق بتدریج کمی کی طرف جائیں گے۔

### وسطی پنجاب





وقت / مہینہ

**وسطی پنجاب** میں ستمبر ۲۰۲۵ میں اچھی بارش متوقع ہے۔ تاہم زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں بتدریج کمی کا امکان ہے ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

# جنوبی پنجاب




**جنوبی پنجاب** میں ستمبر تا نومبر ۲۰۲۵ کے دوران مناسب بارش کا امکان ہے۔ اس دوران زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں موسمی طرز کے مطابق کمی متوقع ہے۔

## بالائی سندھ




**بالائی سندھ** میں ستمبر ۲۰۲۵ کے دوران مناسب بارش متوقع ہے جبکہ اکتوبر اور نومبر میں بارش کی مقدار کم رہنے کا امکان ہے۔اس دوران زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں موسمی رجحان کے مطابق کمی متوقع ہے۔

## زیریں سندھ





**زیریں سندھ** میں ستمبر ۲۰۲۵ میں مناسب بارش کی توقع ہے۔اس دوران زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں موسمی طرز کے مطابق بتدریج کمی کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
National Agromet Center
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## بالائی خیبر پختونخواہ




**بالائی خیبر پختونخواہ** میں آئندہ تین ماہ کے دوران اچھی بارشیں متوقع ہیں۔اس دوران زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں موسمی طرز کے مطابق بتدریج کمی کا امکان ہے۔


## زیریں خیبر پختونخواہ




**زیریں خیبر پختونخواہ** میں ستمبر تا نومبر کے دوران مناسب بارش متوقع ہے۔زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت موسمی رجحان کے مطابق بتدریج کم ہوں گے۔


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## شمال مشرقی بلوچستان




**شمال مشرقی بلوچستان** میں ستمبر تا نومبر ۲۰۲۵ میں کم بارشوں کی توقع ہے۔ تاہم زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں موسمی طرز کے مطابق کمی کا امکان ہے۔

## وسطی بلوچستان





اِسی طرح، **وسطی بلوچستان** میں خاص طور پر اکتوبر اور نومبر میں بارش کی مقدار کم متوقع ہے۔ زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت موسمی رجحان کے مطابق بتدریج کم ہونے کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## گلگت بلتستان




**گلگت بلتستان** میں مذکورہ مدت (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۵) کے دوران اچھی بارشوں کی توقع ہے۔ زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت میں موسمی طرز کے مطابق بتدریج کمی کا امکان ہے۔

## آزاد کشمیر




**وادیٔ کشمیر** میں اگلے تین ماہ کے دوران بالخصوص ستمبر ۲۰۲۵ میں اچھی بارش متوقع ہے۔ زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت موسمی طرز کے مطابق بتدریج کمی کی طرف جائیں گے۔

Pitras Bukhari Road, Sector H-8/2, Post Box No. 1214, ISLAMABAD – PAKISTAN
Tel: 051-9250592, Fax: 051-9250368, Email: dirnamc@yahoo.com, URL: www.pmd.gov.pk

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## حالیہ موسم اور اگلے تین ماہ کی پیشگوئی کی بنیاد پر کسانوں کے لیے اہم سفارشات

اس وقت موسمی حالات عمومی طور پر موافق ہیں، تاہم پنجاب اور سندھ میں معمول سے زیادہ بارش نے گنا اور دھان جیسی فصلوں کی نشوونما اور افزائش کو بہتر انداز میں تقویت دی۔ تاہم، کپاس اور مکئی جیسی فصلیں ضرورت سے زیادہ نمی کے باعث جڑوں کی بیماریوں، پھپھوندی، اور کیڑوں کے حملوں کا شکار ہو سکتی ہیں۔ شمالی علاقے (گلگت بلتستان، کشمیر، بالائی خیبر پختونخواہ) کم بارش اور کم سے کم درجہ حرارت معمول سے نسبتاً زیادہ رہنے کے باعث دباؤ میں رہ سکتے ہیں، جس کے لیے مؤثر پانی کے انتظام کی ضرورت ہے۔ شمال مشرقی پنجاب میں حالیہ شدید بارش اور سیلاب سے چاول کی فصل کو خاص نقصان پہنچا ہے۔ ربیع فصلوں، خصوصاً گندم اور تیل دار بیجوں کی تیاری کے لیے مٹی میں نمی کے تحفظ اور بروقت زمین کی تیاری ضروری ہے۔

**پنجاب** میں اس وقت کپاس کی فصل پھول اور ٹینڈے بننے کے مرحلے پر اچھی حالت میں ہے، تاہم وسطی اور شمال مشرقی پنجاب میں زیادہ بارش کے باعث جڑی بوٹیوں، پانی کھڑا ہونے اور کیڑوں کا خطرہ بڑھ رہا ہے۔ کسانوں کو بروقت جڑی بوٹیوں کی تلفی اور متوازن کھادوں کے استعمال کی ہدایت دی جاتی ہے۔ گنا اور چاول کی فصل مجموعی طور پر اچھی حالت میں ہیں ماسوائے شمال مشرقی پنجاب کے۔ پوٹھوہار اور دیگر بارانی علاقوں میں ماش اور مونگ کی بوائی بروقت مکمل کی جائے۔ ربیع فصلوں کے لیے مٹی میں نمی کے تحفظ کے اقدامات (بند باندھنا، زمین ہموار کرنا، گہری جوتائی) کیے جائیں۔ مولی، گاجر اور مکئی کی کاشت وسطی اور جنوبی پنجاب میں ستمبر کے دوران جاری رکھی جائے، جبکہ اسپغول کی کاشت بھی اس وقت موزوں ہے۔

**سندھ** میں بالخصوص زیریں سندھ میں کپاس پھول سے پہلی چنائی کے مرحلے پر ہے اور اچھی حالت میں ہے۔ بارش بڑھوتری کے لیے مددگار ہے، لیکن نکاسی آب اور کیڑوں کی نگرانی ضروری ہے۔ بالائی سندھ (روہڑی اور ملحقہ علاقوں) میں کپاس ٹینڈے بننے کے بعد اچھی کارکردگی دکھا رہی ہے، تاہم نمی اور رات کے درجہ حرارت میں اضافے سے بیماریوں کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔ کسانوں کو جڑی بوٹیوں کی تلفی، کیڑوں کی نگرانی اور بارش کے مطابق آبپاشی میں ردوبدل کی ہدایت دی جاتی ہے۔

**خیبر پختونخواہ** کے زیریں علاقوں میں بارش مکئی اور چاول کے لیے موزوں ہے، جبکہ شمالی علاقوں میں بارش کی کمی اور نسبتاً گرم راتیں فصلوں کی کارکردگی پر اثر ڈال سکتی ہیں۔ کسانوں کو زمین میں نمی محفوظ رکھنے اور بروقت گندم کی کاشت کی تیاری کرنے کی ہدایت دی جاتی ہے۔ مقامی بارشوں کے بعد نکاسی آب اور کیڑوں کی نگرانی بھی ضروری ہے۔

**بلوچستان** میں اوسطاً بارش کے تحت چاول کی فصل (تیسرے پتے کے مرحلے پر) اچھی نشوونما کر رہی ہے۔ جڑی بوٹیوں کی تلفی اور نکاسی آب کو ترجیح دی جائے۔ شمالی اور وسطی بلوچستان میں جہاں خریف کی کاشت محدود ہے، وہاں توجہ بارش کے پانی کے تحفظ (بند باندھنا اور زمین ہموار کرنے کے ذریعے) پر دی جائے تاکہ ربیع فصلوں کے لیے مٹی میں نمی قائم رہے۔ اوستہ محمد کے علاقے میں چاول کی فصل (انکرت سے تیسرے پتے تک) بہترین حالت میں ہے اور مناسب بارش فصل کی نشوونما میں مددگار ثابت ہوئی۔

**گلگت بلتستان اور کشمیر** میں بارش معمول سے کم اور رات کے درجہ حرارت معمول سے زیادہ متوقع ہیں، جس سے کھڑی فصلوں پر دباؤ بڑھے گا اور پانی کی کمی کا خطرہ پیدا ہو سکتا ہے۔

اب تک خریف سیزن مجموعی طور پر موافق رہا ہے، تاہم پنجاب اور سندھ میں اضافی بارش نے کپاس اور مکئی جیسی فصلوں کے لیے خطرات پیدا کر دیے ہیں۔ شمالی پہاڑی علاقوں میں بارش کی کمی اور زائد درجہ حرارت مٹی میں نمی کی کمی پیدا کر سکتے ہیں، جو ربیع فصلوں پر اثر انداز ہو گا۔ مرطوب علاقوں میں نکاسی آب، کپاس کے علاقوں میں جڑی بوٹیوں اور کیڑوں پر قابو پانے، اور شمالی خشک علاقوں میں نمی محفوظ رکھنے پر توجہ دینا ضروری ہے۔ مختصر دورانیے کی فصلوں کی بروقت کاشت اور ربیع کی زمین کی تیاری پیداوار کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہو گی۔